ہیلو،
ورک نیٹ ڈوپیج
میں خوش آمدید

ہم کون ہیں
ہم ڈوپیج کاؤنٹی، الینوائے کے ورک فورس ڈیولپمنٹ آفس کی جانب سے آپ کی خدمت میں حاضر ہیں۔ ہمارا بنیادی مقصد ملازمت کے متلاشی افراد کو وسائل، ملازمت کی تلاش کی حکمت عملیوں اور ہماری مقامی معیشت کے زیادہ مانگ والے شعبوں میں روزگار کے حصول کے لیے درکار ملازمت کی مہارتوں سے جوڑنا ہے۔ اس مقصد کو پورا کرنے سے، ہم اپنی مقامی افرادی قوت اور کاروباری کمیونٹیز کو مضبوط بناتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ اپنے رہائشیوں کو بھی فائدہ پہنچاتے ہیں — بشمول بالغ نوجوان افراد اور وہ لوگ جنہیں روزگار کے حصول کی راہ میں رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے — ہم ان کے کیریئر کو بامقصد بنانے اور انہیں معاشی استحکام فراہم کرنے میں ان کو معاونت کی پیشکش کرتے ہیں۔

ہم کیسے مدد کرتے ہیں
ہم ملازمت کے متلاشی افراد کی مختلف طریقوں سے مدد کرتے ہیں۔ ہماری بہت سی خدمات عام عوام کے لیے کھلی اور دستیاب ہیں، جبکہ دیگر کچھ خدمات صرف اہل افراد کے لیے ہی دستیاب ہیں۔ ملازمت کے متلاشیوں کے لیے ہم جو بنیادی خدمات فراہم کرتے ہیں وہ درج ذیل ہیں:

1. **عوام کے لیے مفت، کھلی ورکشاپس، تقریبات اور وسائل**
ہم ملازمت کی تلاش کے حوالے سے مختلف موضوعات مثلاً ریزیومے رائٹنگ، انٹرویو کی تیاری، ملازمت کی درخواست کی ٹیکنالوجیز، ورکرز کے حقوق اور مزید بہت کچھ پر ماہانہ بنیادوں پر معلوماتی سیشنز اور ورکشاپس کا انعقاد کرتے ہیں۔ ہم آجروں کے اہتمام تقریبات اور ہائرنگ سیشنز کا انعقاد بھی کرتے ہیں۔
دستیاب وسائل میں ایک آن لائن جاب بورڈ، آن سائٹ کمپیوٹر اور پرنٹر تک رسائی اور ایک ریزرو ایبل، آفس نما ہڈل روم شامل ہیں۔

2. ***اہل افراد کے لیے* ملازمت کی تلاش کے انتہائی مفید سیشنز اور کیریئر کاؤنسلنگ**
ہم اہل افراد کے لیے کیریئر گائیڈنس کے موضوع پر بالمشافہ سیشنز کے علاوہ انہیں ملازمت کی تلاش کے بارے میں معلومات کے حوالے سے بھی انتہائی مفید سیشنز پیش کرتے ہیں۔

3. ***اہل افراد* کے لیے تربیت اور تعلیم کے لیے فنڈنگ**
ایسے افراد جن کے پاس اعلیٰ معیار کی ملازمت کے لیے درکار ضروری مہارتیں، سرٹیفیکیشن یا تعلیم موجود نہیں ہے وہ ان شعبوں میں ملازمت حاصل کرنے کے قابل بننے کے لیے فنڈ حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ ہمارا دفتر اس پورے عمل کے دوران اہل افراد کی مدد کرتا ہے، جس میں ان کی مہارتوں کی تشخیص، روزگار اور تربیت کی منصوبہ بندی، ماہانہ بنیادوں پر پیش رفت کی رپورٹیں تیار کرنا اور ملازمت کے حصول میں کامیابی کے بعد باقاعدہ فالو اپ کا عمل شامل ہوتا ہے۔ منظور شدہ تربیتی پروگراموں کی لاگت کو پورا کرنے کے لیے، اہل افراد کے لیے 10,000$ تک کی رقم کی منظوری دی جا سکتی ہے۔

اگلے مراحل

1. اگر آپ ہماری مفت اور عوام کے لیے کھلی ورکشاپس یا تقریبات میں شرکت کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو براہ کرم ہمارے آنے والے پروگراموں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہماری ویب سائٹ www.worknetdupage.org ملاحظہ کریں۔ ترجمانی کی خدمات دستیاب ہیں۔

2. اگر آپ اہل افراد کے لیے فنڈڈ سروسز کے بارے میں مزید جاننے میں دلچسپی رکھتے ہیں، مثلاً بالمشافہ کیریئر سروسز یا گرانٹ کے ذریعے فنڈ شدہ تربیتی پروگراموں کے بارے میں، تو براہ کرم ہماری ویب سائٹ کے ذریعے یہ فارم مکمل کریں:

براہ کرم نوٹ کریں کہ اگرچہ ہم بہت سے مختلف پس منظروں سے تعلق رکھنے والے بہت سے مختلف لوگوں کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں، مگر کچھ خدمات پر اہلیت کے معیار بھی لاگو ہوتے ہیں، بشمول تربیت کے لیے فنڈنگ کی فراہمی۔ ورک نیٹ (workNet) ڈوپیج کو فنڈنگ بنیادی طور پر WIOA یعنی ورک فورس انوویشن اینڈ اپارچونٹیز ایکٹ کے تحت فراہم کی جاتی ہے۔ عام طور پر سروسز ڈوپیج کاؤنٹی کے رہائشیوں تک ہی محدود ہوتی ہیں۔

آپ ہماری خدمات کے لیے اہل ہو سکتے ہیں، اگر آپ:

1. USA میں کام کرنے کے مجاز ہیں، اور

2. بے روزگار ہیں یا صلاحیت سے کم روزگار پر ہیں
- بے روزگاری کی انشورنس وصول کر رہے ہیں (یا حالیہ طور پر وصول کر چکے ہیں) یا
- عوامی امداد مثلاً SNAP، TANF یا پناہ گزینوں کی امداد وغیرہ وصول کر رہے ہیں (یا حالیہ طور پر وصول کر چکے ہیں)

ایک بار جب آپ درخواست کو پُر کر لیتے ہیں، تو ہم اگلے مراحل پر آپ سے بات کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کریں گے۔ ترجمانی کی خدمات دستیاب ہوں گی۔

ہم کہاں پر موجود ہیں:

ورک نیٹ ڈوپیج
2525 کیبوٹ ڈرائیو
لایول، IL 60532
630.955.2030
www.worknetdupage.org

ملازمت کے متلاشیوں کے لیے اضافی وسائل (سکِل اپ ڈوپیج)

ہمارا دفتر ڈوپیج کاؤنٹی کے اندر واقع روزگار/ملازمت کے متلاشی افراد کے لیے معاونت کی فراہمی کے ایک مضبوط نیٹ ورک کا حصہ ہے۔ رہائشیوں کو ان کی انفرادی ضروریات کے لیے بہترین خدمات کے حصول میں مدد دینے کے لیے، ہم نے ایک واحد وسیلہ، سکِل اپ ڈوپیج بنایا ہے، تاکہ اس پورے نیٹ ورک کو ایک آسان مجموعہ کی صورت میں پیش کیا جا سکے۔

ڈوپیج کاؤنٹی میں سکِل اپ کے وسائل کے مقامات دیکھنے کے لیے، ہمارے جاب سیکر ریسورسز گوگل میپ کے لیے لنک: